**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Ethics Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نا لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نا لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ ارشد اپنی گاڑی میں فیملی کے ساتھ پارک جا رہا تھا۔ چوں کہ سڑکیں خالی تھیں، لہٰذا اُس نے گاڑی کی رفتار حد سے زیادہ تیز کر دی، جس کی وجہ سے ایک بڑا حادثہ پیش آیا۔ نتیجتاً ارشد کی فیملی کے کچھ افراد زخمی ہوئے۔

دیے گئے منظر نامے کے مطابق ارشد حادثے سے بچ سکتا تھا، اگر وہ

A۔ سفر کے لیے متبادل راستہ استعمال کرتا۔
B۔ کسی اور قسم کی سواری استعمال کرتا۔
C۔ گاڑی چلاتے وقت قوانین کی پابندی کرتا۔
D۔ کسی اور تجربہ کار شخص سے گاڑی چلانے کو کہتا۔

2۔ عالیہ اپنی دوستوں کے ساتھ کافی وقت گزارتی ہے۔ وہ اپنی پڑھائی پر توجہ نہیں دے پاتی، جس کی وجہ سے امتحانات میں اُس کے نمبر کم آتے ہیں۔

اس مسئلے کے حل کے لیے عالیہ کو چاہیے کہ وہ

A۔ اپنے دوستوں سے اپنا کام مکمل کروائے۔
B۔ اپنی کمزور کارکردگی کا ذمہ دار اپنے دوستوں کو ٹھہرائے۔
C۔ دوستوں سے ملنے کے لیے مخصوص وقت مقرر کرے۔
D۔ اپنے استاد کو زیادہ نمبر دینے پر آمادہ کرے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

3۔ 'اخلاقیات' بحیثیت نار میٹو سائنس (Normative Science) کا تعلق ہے

A۔ حیاتِ انسانی کے آغاز کی تفتیش سے۔
B۔ انسانی نشو و نما کی تحقیق سے۔
C۔ معاشرتی اعمال کے اثرات کی جانچ سے۔
D۔ انسانی اخلاق کی تحقیق سے۔

4۔ مسکن تیرا ہے مندر و مسجد سے ماورا
میرے خدا ٹوٹے دلوں میں ہے تیرا بسیرا

نیاز خلالوی کے اس شعر کے دوسرے مصرعے میں بتایا گیا ہے کہ خدا

A۔ قادرِ مطلق ہے۔
B۔ ہر شے کا جاننے والا ہے۔
C۔ ہر جگہ موجود ہے۔
D۔ برتر و اعلیٰ ہے۔

5۔ ترجمہ: 'اے نبی! اِن سے کہو، کیا تم اللہ کو اپنے دین کی اطلاع دے رہے ہو؟ حالاں کہ اللہ زمین و آسمان کی ہر چیز کو جانتا ہے اور وہ ہر شے کا علم رکھتا ہے'۔ القرآن (49:16)

درج بالا آیت میں اللہ تعالٰی کی یہ صفت بیان کی گئی ہے کہ وہ

A۔ مہربان ہے۔
B۔ ہر شے کا جاننے والا ہے۔
C۔ ہر شے پر قادر ہے۔
D۔ عظمت والا ہے۔

6۔ انسانی جسم کے خلیوں کا مطالعہ کرنے کے بعد ایک ملحد سائنسدان نے خدا کو مان لیا۔ اُس نے دیکھا کہ ڈی این اے کوڈ ایک کمپیوٹر پروگرامنگ لینگوج سے بہت زیادہ ملتا جلتا ہے۔ اسی طرح ہمارے جسم کے ہر خلیے میں بھی ایک مفصل ہدایت والا کوڈ ہوتا ہے، جو آدمی کے جسم کی رہنمائی اُسی انداز سے کرتا ہے، جس طرح اُسے بڑھنا چاہیے۔

دیے گئے بیان کے مطابق اُس ملحد سائنسدان نے ڈی این اے کوڈ سے متعلقہ معلومات کو قرار دیا ہے کہ یہ

A۔ سائنس کی ایک بڑی دریافت ہے۔
B۔ خدا کے موجود ہونے کی دلیل ہے۔
C۔ خلیہ جسم کا بنیادی جُزو ہے۔
D۔ خدا سے متعلق اپنے پرانے نظریے کی تصدیق ہے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

7۔ دنیا کے تین مشہور توحید پرست مذاہب کون سے ہیں؟

A۔ اسلام، یہودیت اور ہندومت۔
B۔ عیسائیت، اسلام اور یہودیت۔
C۔ عیسائیت، اسلام اور ہندومت۔
D۔ یہودیت، ہندومت اور عیسائیت۔

8۔ لاادری(agnostic) اور ملحدوں(atheists) میں ایک واضح فرق یہ ہوتا ہے کہ لاادری

A۔ مذہبی راستے کی پیروی کر سکتے ہیں۔
B۔ خدا کے وجود کو نہیں مانتے۔
C۔ خدا کے وجود کے بارے میں پکّا یقین نہیں ہوتا۔
D۔ سمجھتے ہیں کہ خدا کے موجود ہونے کو جاننا ممکن ہے۔

براہِ کرم صفحہ الٹیے

9۔ انسانی فطرت کی دو بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟

A۔ نفسیات اور رویّہ

B۔ معاشرتی تقسیم اور رویّہ

C۔ ماحول اور معاشرتی تقسیم

D۔ ماحول اور نفسیات

10۔ اسلم ایک ادارے میں کام کرتا ہے۔ ایک دن اُسے ایک شخص نے رشوت دینے کی پیش کش کی تاکہ وہ ایک غیر قانونی کام کر دے۔ اخلاقی طور پر اسلم کو چاہیے کہ

A۔ رشوت لے اور قانون توڑ دے۔

B۔ رشوت نہ لے اور قانون کی پابندی کرے۔

C۔ رشوت لے لے اور اعلیٰ حکام کو اطلاع کر دے۔

D۔ رشوت لے لے اور کام کر کے نہ دے۔

11۔ احمد کے گھر کے ارد گرد بہت سی بکریاں چارہ کھارہی تھیں۔ ایک دن احمد نے ایک زخمی بکری کو دیکھا کہ وہ چل نہیں پا رہی تھی۔ محلّے کے بچے اُس بکری کے ساتھ کھیلتے ہوئے اُسے دھکا دے رہے تھے۔

دیے گئے بیان کے مطابق احمد کا پہلا بنیادی قدم کیا ہونا چاہیے؟

A۔ اُسے خود بکری کی دیکھ بھال کرنی چاہیے۔

B۔ اُسے بکری کو ڈاکٹر کے پاس لے جانا چاہیے۔

C۔ اُسے بچوں کو منع کرنا چاہیے وہ بکری کو دھکا نہ دیں۔

D۔ اُسے بچوں کے والدین سے اُن کے رویّے کی شکایت کرنی چاہیے۔

April/ May for Teaching & Learning

12۔ ایک رہائشی علاقے کے نزدیک ایک جنگل ہے، جہاں بہت سے جنگلی جانور موجود ہیں۔ مختلف علاقوں سے سیاح جنگل میں قدرتی ماحول سے لطف اندوز ہونے آتے ہیں۔ گزشتہ دو مہینوں سے مقامی افراد کے مشاہدے میں یہ بات میں آئی ہے کہ جنگل آنے والے کچھ لوگ جانوروں کا شکار کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے جانوروں کی تعداد کم ہوگئی ہے۔

مقامی افراد کو جانوروں کی حفاظت کے لیے فوراً یہ قدم اُٹھانا چاہیے کہ وہ

A۔ پولیس کو فون کریں کہ وہ اِن سیّاحوں کو گرفتار کرے۔
B۔ کسی اخبار کے ایڈیٹر کو خط لکھیں۔
C۔ متعلقہ حکومتی محکمہ کے افراد کو خط لکھیں۔
D۔ شکار کے لیے آنے والے سیّاحوں کے داخلے پر پابندی لگا دیں۔

13۔ جسم کا وہ حصہ، جو خواہش، عقل اور جذبات کا مرکز ہے، وہ ہے

A۔ معدہ۔
B۔ گُردہ۔
C۔ دماغ۔
D۔ دل۔

14۔ فرحانہ ایک طاقت ور اور صحت مند لڑکی ہے۔ اُسے حقیقی زندگی کے مسائل حل کرنا پسند ہے اور وہ ایک پُر اُمید لڑکی ہے۔ وہ مثبت سوچتی ہے اور اپنی زندگی میں وہ خود اپنے حوالے سے، دوسروں کے حوالے سے اور حالات کے حوالے سے حقیقی نظریہ رکھتی ہے۔

دیے گئے بیان کے مطابق فرحانہ کی واضح کردہ شخصیت کو کس درجہ میں رکھا جا سکتا ہے؟

A۔ روحانی
B۔ جمالیاتی
C۔ عقلی
D۔ نفسیاتی

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

15۔ آصف کا تعلق ایک غریب گھرانے سے ہے۔ اُس کے دوست کے والد اپنے بیٹے کے لیے ایک قیمتی کھلونا لائے۔ آصف اپنے دوست کے کھلونے سے کھیلنا چاہتا تھا۔ وہ اپنے دوست کے گھر گیا اور کھلونا اپنے بیگ میں ڈال کر وہاں سے نکل آیا۔

کھلونا لے جانے کی بجائے، آصف کو چاہیے تھا کہ وہ

A۔ کھلونے سے کھیلنے کی اجازت لیتا۔
B۔ اپنے والدین سے اُسی طرح کا کھلونا خریدنے کے لیے کہتا۔
C۔ کھلونا لے کر دوسرے کمرے میں کھیلنے کے لیے چلا جاتا۔
D۔ اپنے سے زیادہ حیثیت والے لوگوں سے دوستی ختم کر دیتا۔

16۔ فریدہ مالی مسائل کے باوجود اپنی پڑھائی جاری رکھنے کی شوقین ہے۔ وہ کسی مشہور یونیورسٹی میں ایک اچھے تعلیمی پروگرام کی اہل بھی ہے۔

مالی ضرورت کا بندوبست کرنے کے لیے سب سے **بہترین** طریقہ یہ ہے کہ وہ

A۔ اپنے رشتہ داروں سے درخواست کرے کہ وہ اس کی مالی مدد کریں۔
B۔ پڑھائی کو چھوڑتے ہوئے اپنے ارادے سے باز آجائے۔
C۔ اپنے والدین سے کہے کہ وہ اس کی پڑھائی کے لیے بہت زیادہ سود پر قرض لیں۔
D۔ مختلف جگہوں پر جُز وقتی کام کرے اور اپنی فیس قسطوں میں ادا کرے۔

17۔ احسن ایک موبائل کمپنی میں کسٹمر سروس کے نمائندے کے طور پر کام کرتا ہے۔ ایک دن کمپنی کے آفس میں ایک کسٹمر آیا اور اچانک اسلم پر چلّانا شروع کر دیا، کیوں کہ کمپنی کی فراہم کردہ سروسز تسلی بخش نہیں تھیں۔

دیے گئے بیان کے مطابق احسن کے لیے سب سے **بہترین** طریقہ یہ ہے کہ وہ

A۔ گارڈ کو بلا کر اُس کسٹمر کو باہر نکلوا دے۔
B۔ کسٹمر کو اعلیٰ حکام کی طرف بھیج دے۔
C۔ غصّے میں آئے اور کسٹمر پر چلّائے۔
D۔ کسٹمر کی بات تحمّل سے سُنے اور اُس کا مسئلہ حل کرے۔

April/ May 2019
Teaching & Learning only

18۔ فہیم بس اسٹاپ پر کھڑا تھا کہ اُس کی نظر ایک نابینا شخص پر پڑی جو سڑک پار کر رہا تھا۔ اچانک ایک تیز رفتار گاڑی آئی اور نابینا شخص سے ٹکرا گئی، جس کی وجہ سے وہ بُری طرح زخمی ہو گیا۔

دیے گئے منظر نامے کے مطابق فہیم کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر

A۔ گاڑی کے ڈرائیور کو پکڑے۔

B۔ سارے معاملے کو نظر انداز کر دے۔

C۔ اس واقعے کے خلاف احتجاج کرے۔

D۔ نابینا شخص کو ڈاکٹر کے پاس لے جائے۔

19۔ ارشد کے پاس گریجویشن کی ڈگری ہے۔ وہ ایک ملٹی نیشنل کمپنی میں اسسٹنٹ مینیجر کے طور پر کام کر رہا ہے۔ کمپنی کا مالک کسی ایسے شخص کو مینیجر کے عہدے پر رکھنا چاہتا ہے، جس کی کم از کم تعلیم ماسٹر ہو۔ اس سے پہلے کہ کمپنی کسی شخص کو رکھتی، ارشد نے کمپنی کے سی ای او کو رشوت دی اور ترقی لے لی۔ اس واقعے کا گواہ اُس کا ایک دوست علی ہے۔

دیے گئے بیان کے مطابق بحیثیت کمپنی کے ایک دیانت دار ملازم کے، علی کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ

A۔ ارشد کو سمجھائے کہ وہ کسی کو رشوت نہ دے۔

B۔ کمپنی کے مالک کو سچ بات بتائے۔

C۔ ارشد کی ترقی کے خلاف احتجاج کرے۔

D۔ خاموش رہے اور ارشد سے مراعات لے۔

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

20۔ فاطمہ کی عمر پانچ سال ہے۔ وہ روزانہ صبح سویرے اُٹھتی ہے، دانت میں برش کرتی ہے، ناشتہ کرتی ہے اور والدین کے کہے بغیر اسکول جانے کے لیے تیّار ہو جاتی ہے۔

فاطمہ کی روزانہ کی عادت بتاتی ہے کہ وہ

A۔ فرماں بردار ہے۔

B۔ عزّت والی ہے۔

C۔ با اخلاق ہے۔

D۔ نظم وضبط والی ہے۔

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only